بسم اللہ الرحمن الرحیم

درس ۳

شیعہ ان لوگوں کو کہا جاتا ہے کہ جن کا عقیدہ یہ ہو کہ پیغمبر اکرم ﷺ نے اپنے بعد امیر المؤمنین علی علیہ السلام کو اپنا جانشین اور امت کا امام قرار دیا اور امیر المؤمنین علیہ السلام کے بعد یہ سلسلہ امامت وولایت بارہویں امام (عج) تک آج بھی جاری وساری ہے۔

شیعہ کی تعریف جناب آبان بن تغلب کی زبانی: شیعہ وہ ہیں کہ جب لوگ آپس میں رسول ﷺ کے قول پر اختلاف کرتے ہیں تو علی (علیہ السلام) کے قول کی پیروی کرتے ہیں۔اور جب لوگ علی (علیہ السلام) کے قول کے بارے میں اختلاف کرتے ہیں تو جعفر بن محمد (علیہ السلام) کے قول کی پیروی کرتے ہیں۔

اہل سنت مورخین عبداللہ سبا کو شیعہ مذہب کا موجد اور حضرت عثمان کے خلاف تحریک کے بانی قرار دیتے ہیں لیکن شیعہ کہتے ہیں کہ ایک تازہ مسلمان ہونے والا شخص اسلامی معاشرے میں اتنا موثر واقع نہیں ہو سکتا کہ ان کے کہنے پر خلیفہ وقت کے خلاف قیام شروع ہو جائے اور بعض شیعہ معاصر محققین جیسے علامہ طباطبایی، علامہ عسکری اور ڈاکٹر طاہا حسین اس بات کے معتقد ہیں کہ تاریخ میں عبداللہ بن سبا نامی کسی شخص کا وجود ہی نہیں تھا بلکہ ان کی شخصیت سیف بن عمر جیسے افراد کی جعلیات میں سے تھی۔

اور ایک اہم بات یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے زمانے میں ہی مشہور اصحاب موجود تھے جو شیعہ کے نام سے مشہور تھے:

جناب سلمان محمدی، جناب ابوذر غفاری، جناب مقداد، جناب عمار یاسر، جناب حذیفہ یمانی، جناب ابوایوب انصاری، جناب خزیمۃ بن ثابت ذوشھادتین، خالد بن سعید۔

رسول اللہ ﷺ کے زمانے میں بعض اصحاب کیوں خود کو شیعہ کہتے تھے:

پہلا سبب: وہ آیات اور روایات جو اہلبیت (علیہم السلام) کی امامت پر دلالت کرتیں ہیں۔

آیہ ولایت: إِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللَّهُ وَرَسُولُهُ وَالَّذِينَ آمَنُوا الَّذِينَ يُقِيمُونَ الصَّلَاةَ وَيُؤْتُونَ الزَّكَاةَ وَهُمْ رَاكِعُونَ(مائدہ55)

حدیث غدیر: من کنت مولاہ فھذا علی مولاہ

دوسرا سبب: وہ آیات اور روایات جو اہلبیت (علیہم السلام) کے فضائل پر دلالت کرتیں ہیں۔

تیسرا سبب: وہ آیات اور روایات جو اہلبیت (علیہم السلام) کے مرجع ہونے پر دلالت کرتیں ہیں۔

آیہ تطہیر: إِنَّمَا يُرِيدُ اللَّهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيرًا (احذاب 33)

آیہ اطاعت: یا ایھا الذین آمنوا اطیعوا اللہ واطیعوا الرسول واولی الامر منکم (نسا 59)

حدیث: رسول اکرم ﷺ: یا علی انت و شیعتک ھم الفائزون۔

ائے علی (علیہ السلام) آپ اور آپ کے شیعہ کامیاب ہیں۔